AJK-11-G1-19

جوابی کاپی کا سیریل نمبر　　اُردو (لازمی) (حصہ معروضی) (گروپ اوّل) (☆☆☆☆)　　رول نمبر

انٹرمیڈیٹ (پارٹ - I) 019/1

دستخط نائب ناظم/ناظمہ مرکز　　فرضی رول نمبر (دفتری استعمال کیلئے)　　دستخط امیدوار

---

انٹرمیڈیٹ (پارٹ - I) 019/1

اُردو (لازمی) (حصہ معروضی) (گروپ اوّل)

(☆☆☆☆)

وقت : 20 منٹ

کل نمبر: 20

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر / مٹا کر یا پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

1- ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر ٹک ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔ (20)

| نمبر شمار | سوالات | ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مطلع میں قافیہ ہوتا ہے۔ | دوسرے مصرعے میں | دونوں مصرعوں میں | پہلے مصرعے میں | نہیں ہوتا |
| 2 | مرض۔۔۔۔۔۔۔۔گیا جوں جوں دوا کی۔ | بڑھتی | بڑھتیں | بڑھتے | بڑھتا |
| 3 | دس روپے۔۔۔۔۔۔گوندلاؤ | کا | کی | کے | کیں |
| 4 | شازیہ یہ خبر سن کر۔۔۔۔۔۔۔رہ گئی۔ | ہکی بکی | ہکا بکی | ہکابکا | ہکی بکا |
| 5 | گھر عورت کی سلطنت۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔ | ہوتا | ہوتی | ہوتیں | ہوتے |
| 6 | "بانگ درا" کس۔۔۔۔۔تصنیف ہے۔ | کا | کی | کیں | کے |
| 7 | "ادیب کی عزت" کس کا لکھا ہوا سبق ہے؟ | غلام عباس | پریم چند | ہاجرہ مسرور | قاسمی |
| 8 | "سنت" کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | آواز | گفتگو | راستہ | اعلان |
| 9 | سرسید احمد خان نے "خطبات احمدیہ" کتنی مدت میں لکھی۔ | ایک برس | ڈیڑھ برس | دو برس | پانچ برس |
| 10 | عبدالرحمان الناصر کی ملکہ کا کیا نام تھا؟ | نور | زہرا | ممتاز | عالیہ |
| 11 | حضرت قمر کی بیوی کا نام کیا تھا؟ | ثمینہ | رقیہ | سکینہ | رضیہ |
| 12 | وہ شے جس سے تشبیہ دی جائے۔ | مشبہ | مشبہ بہ | غرض تشبیہ | حرف تشبیہ |
| 13 | "زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے" میں زندگی کیا ہے؟ | غرض تشبیہ | وجہ شبہ | مشبہ | مشبہ بہ |
| 14 | جس چیز یا شخص کے لیے لفظ ادھار لیا جائے کہلاتا ہے۔ | وجہ شبہ | مستعارلہ | وجہ جامع | مستعارمنہ |
| 15 | جس کلام میں کسی تاریخی واقعہ کا ذکر آئے۔ | تشبیہ کہلاتی ہے | استعارہ کہلاتا ہے | تلمیح کہلاتا ہے | مطلع کہلاتا ہے |
| 16 | "ابن مریم" کو ادبی اصطلاح میں کیا کہا جائے گا۔ | استعارہ | تشبیہ | محاورہ | تلمیح |
| 17 | "قافیہ" کس زبان کا لفظ ہے؟ | ہندی | اُردو | عربی | فارسی |
| 18 | مطلع کے دونوں مصرعے ہوتے ہیں۔ | ہم معنی | ذو معنی | ہم زاد | ہم قافیہ |
| 19 | ردیف سے پہلے آتا ہے۔ | مطلع | مقطع | قافیہ | استعارہ |
| 20 | "اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا　رنج راحت فزا نہیں ہوتا" قافیہ کی نشان دہی کریں۔ | نہیں ۔ نہیں | ذرا ۔ فزا | ہوتا ۔ ہوتا | نہیں ہوتا۔نہیں ہوتا |

(ختم شد)

www.taleem360.com

AJK-11-G1-19

رول نمبر ________

وقت : 2:40 گھنٹے

کل نمبر: 80

019/1
انٹر میڈیٹ
پارٹ - I

اُردو (لازمی) (گروپ اوّل)

(حصہ انشائیہ)

## (حصہ اوّل)

-2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+1+8)

الف) جن کو انگریز کا قانون ہو ازبر اُن سے … اور سب پوچھ مگر شرع کے احکام نہ پو
ریڈیو میں بھی جو قرآں کی تلاوت نہ سُنیں … اُن مسلمانوں کی اولاد کا اسلام نہ پو

ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+9)

جان آخر تو جانے والی تھی … اُس پہ کی ہوتی ، میں نثار اے کاش
اس میں راہِ سخن نکلتی تھی … شعر ہوتا ترا شعار ، اے کاش
شش جہت اب تو تنگ ہے ہم پر … اس سے ہوتے نہ ہم ، دوچار اے کاش

## (حصہ دوم)

-3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15=1+1+3+10)

الف) سیر چشمی اور فراخ حوصلگی سرسید کے خاص اوصاف میں سے تھے۔ انہوں نے اپنی کمائی سے نہ کبھی مال جمع کرنے کا ارادہ کیا اور نہ اولاد کے لیے کوئی جا خریدی بلکہ جو کچھ کمایا اس کو یا اپنی ضروری آسائش اور سچی عزت اور نیک نامی کے ذرائع میں صرف کیا یا کنبے کی خبر گیری، مستحقوں کی امداد، اوا تعلیم، ملک اور قوم کی بھلائی اور مذہب کی حمایت میں اُٹھایا۔

ب) چوتھی قسم خاکی طلبہ کی ہے۔ یہ طلبہ کی خالص ترین قسم ہے۔ ان کا دامن کسی قسم کی آلائش سے تر ہونے نہیں پاتا۔ کتابیں، امتحانات، مطالعہ اور اسی قسم خــرخشے کبھی ان کی زندگی میں خلل انداز نہیں ہوتے۔ جس معصومیت کو لے کر وہ کالج میں پہنچے تھے، اسے آخر تک ملوث نہیں ہونے دیتے او اور نصاب اور درس کے ہنگاموں میں اس طرح زندگی بسر کرتے ہیں جس طرح بتیس دانتوں میں زبان رہتی ہے۔

-4 درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+9)

(i) سِفارش (ii) چراغ کی لو

-5 دلاور فگار کی نظم "لوکل بس" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

-6 استاد اور شاگرد کے مابین "بجلی کے بحران اور اس کے حل" کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یـــا (10)

کسی ادبی تقریب کا آنکھوں دیکھا حال تحریر کیجیے۔

-7 تعلیمی سیشن کے دوران میں دوبارہ داخلے کے لیے کالج کے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔ (10)

-8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10=2+8)

مجھے جمہوری نظام اس لیے پسند ہے کہ یہ ہمیں شرکت وشمولیت کی کھلے بندوں دعوت دیتا ہے جب کہ غیر جمہوری نظام سے روحانی، جذباتی اور فکری شمولیت کا حق چھین لیتا ہے اور ہمیں لاتعلقی اور عدم دلچسپی کے صحرا میں عضوِ معطل کی طرح پھینک دیتا ہے زندگی اور موت میں یہی فرق ہے کہ زندگی نام ہے شمولیت کا جب کہ موت نام ہے عدمِ شمولیت کا۔

(ختم شد)

www.taleem360.com

AJK-11-G2-19

جوابی کاپی کا سیریل نمبر | اُردو (لازمی) (حصہ معروضی) گروپ دوم (☆☆☆☆) | رول نمبر

انٹرمیڈیٹ (پارٹ I) 019/1

دستخط نائب ناظم/ناظمہ مرکز | فرضی رول نمبر (دفتری استعمال کیلئے) | دستخط امیدوار

انٹرمیڈیٹ (پارٹ - I) 019/1

اُردو (لازمی) (حصہ معروضی) گروپ دوم (☆☆☆☆)

وقت: 20 منٹ

کل نمبر: 20

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر/مٹا کر یا پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

1- ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر ٹِک (✓) کا نشان لگائیں۔ (20)

| نمبر شمار | سوالات | ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مطلع کے لفظی معنی ہیں۔ | اشارہ کرنا | طلوع ہونے کی جگہ | مانند قرار دینا | کٹ جانے کی جگہ |
| 2 | صابن سے میل اُتر۔۔۔۔ | جاتی ہے | جاتے ہیں | جاتا ہے | جاتی ہیں |
| 3 | اُس نے کمرے میں جھاڑو۔۔۔ | نہیں دی | نہیں دیے | نہیں دیا | نہیں دیں |
| 4 | یہ آپ۔۔۔۔۔۔۔۔وہم ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 5 | میں نے رات کو خواب۔۔۔۔۔ | دیکھیں | دیکھی | دیکھے | دیکھا |
| 6 | حامد نے اونٹ کو نکیل۔۔۔۔۔ | ڈالے | ڈالی | ڈالا | ڈالے |
| 7 | سرسید نے ولایت میں کتاب لکھی۔ | خطبات سرسید | خطبات مدارس | خطبات احمدیہ | مقالات |
| 8 | مرزا غالب نے میرٹھ میں کتنے دن گزارے۔ | تین دن | چار دن | پانچ دن | چھ دن |
| 9 | افسانہ "ادیب کی عزت" لیا گیا ہے۔ | جاڑے کی چاندنی | کپاس کا پھول | آخری تحفہ | دنیا گول ہے |
| 10 | ابوالقاسم زہراوی کے آباؤ اجداد رہنے والے تھے۔ | قرطبہ | الزہرا | ایران | اندلس |
| 11 | اچھن کے باپ کو مالک نے کفن دفن کے لیے کتنے پیسے دیئے۔ | دس روپے | بیس روپے | پچیس روپے | تیس روپے |
| 12 | درج ذیل میں سے حرفِ تشبیہ کی نشان دہی کریں۔ | چوں کہ | مانند | خواہ | اگرچہ |
| 13 | "مشبہ" اور "مشبہ بہ" کہلاتے ہیں۔ | غرض تشبیہ | وجہ شبہ | طرفین استعارہ | طرفین تشبیہ |
| 14 | "وجہ جامع" اہم رکن ہے۔ | استعارہ کا | تشبیہ کا | تلمیح کا | علم بیان کا |
| 15 | احمد تو شیر ہے۔ اس میں "مستعار منہ" ہے۔ | تو | احمد | شیر | احمد شیر |
| 16 | بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق اس میں تلمیح ہے۔ | عشق | نمرود | آتش نمرود | آتش |
| 17 | اصطلاح میں قافیہ سے مراد ہے؟ | ہم آواز الفاظ | ہم معانی الفاظ | ہم زبان الفاظ | ہم خیال الفاظ |
| 18 | اس شعر میں قافیہ ہے۔ شہر در شہر گھر جلائے گئے یوں بھی جشنِ طرب منائے گئے | شہر در شہر | جلائے گئے | جلائے، منائے | گئے |
| 19 | ردیف کس زبان کا لفظ ہے۔ | اردو | عربی | فارسی | ترکی |
| 20 | یہ شعر اصطلاح میں ہے۔ وقت اچھا بھی آئے گا ناصر غم نہ کر زندگی پڑی ہے ابھی | مطلع | آخری شعر | مقطع | تخلص |

(ختم شد)

www.taleem360.com

AJK-11-G2-19

اُردو (لازمی) (گروپ دوم) | 019/1<br>انٹر میڈیٹ<br>پارٹ - ۱ | رول نمبر ...........<br>وقت: 2:40 گھنٹے<br>کل نمبر: 80

Group-2

(حصہ انشائیہ)

## (حصہ اوّل)

2- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+1+8)

الف) تو مقصدِ تخلیق ہے ، تو حاصلِ ایماں
جو تجھ سے گریزاں ، وہ خدا سے ہے گریزاں
کردار کا یہ حال ، صداقت ہی صداقت
اخلاق کا یہ رنگ کہ قرآں ہی قرآں

ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+9)

جس سر کو غرور آج ہے ، یاں تاج وری کا
کل ، اس پہ یہیں شور ہے ، پھر نوحہ گری کا
آفاق کی منزل سے گیا ، کون سلامت
اسباب لٹا راہ میں ، یاں ہر سفری کا
ہر زخمِ جگر داورِ محشر سے ہمارا
انصاف طلب ہے ، تری بیدادگری کا

## (حصہ دوم)

3- سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15=2+3+10)

الف) ظرافت اور خوش طبعی ان کی جبلت میں داخل تھی مگر جس طرح ان کی اور باتوں میں بناوٹ نہ تھی اسی طرح ظرافت اور خوش طبعی میں مطلق تصنع نہ تھا۔ تحریر میں، تقریر میں، بات چیت میں جو لطیفہ یا شوخی ان کو سوجھ جاتی تھی اگرچہ کیسی ہی شرم وحجاب کی بات ہو ان سے ضبط نہ ہو سکتی تھی مگر ہر ایک امر کے بیان کرنے کا خدا نے ایسا سلیقہ دیا تھا کہ کوئی بات تہذیب کی حد سے متجاوز نہ ہونے پاتی تھی۔

ب) میں تو اپنے آپ کو اس درد کی وجہ سے رفتنی سمجھتا تھا مگر محض اس خیال سے تسکین تھی کہ پاؤں کا درد ہے۔ حرکت محال ہے، رفتنی نہیں آمدنی ہوں۔ باقی خدا کے فضل وکرم سے خیریت ہے۔ امید ہے کہ آپ کا مزاج بخیر ہوگا۔ ممکن ہو تو لاہور ضرور آیئے اور لوگوں کو اپنا تازہ کلام بھی سنایئے۔

4- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+9)

(i) اپنی مدد آپ (ii) ادیب کی عزت

5- نظیر اکبر آبادی کی نظم "تسلیم ورضا" کا خلاصہ لکھیے۔ (05)

6- دو دوستوں کے درمیان "جہیز" کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا (10)

کالج میں منعقدہ "محفلِ حسنِ نعت" کی روداد تحریر کیجیے۔

7- کالج کے پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8- درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10=2+8)

"پاکستان کے مسائل کی فہرست کافی طویل ہے۔ مختصر کرتے کرتے بھی یہ مختصر ہوتی نظر نہیں آتی۔ کہاں سے شروع کریں اور کہاں ختم کریں۔ زبان خشک ہو جاتی ہے اور سر چکرا جاتا ہے۔ سر دست بجلی کو لیں، ملک اندھیرے میں ڈوبا ہوا ہے۔ صنعت بند پڑی ہے۔ گیس کی لوڈ شیڈنگ کا تذکرہ کریں چولہے ٹھنڈے پڑے ہیں۔ مہنگائی کا گراف تیزی سے اوپر کی طرف چڑھتا جا رہا ہے اور دہشت گردی کا عذاب، پتا نہیں کب تک بے گناہ اور معصوم شہریوں پر ٹوٹتا رہے گا۔ فرقہ واریت ایک اور سنگین مسئلہ ہے جس کو ہم ختم بھی کرنا چاہیں تو اسلام کے نادان دوست پھر بھڑکا دیتے ہیں۔"

(ختم شد)

www.taleem360.com